pakcity.org

# باب 5: تاریخ پاکستان (حصہ دوم)

## مشقی کثیر الانتخابی سوالات

pakcity.org

1. 1985ء سے 1988ء کے دوران میں پاکستان کے وزیر اعظم رہے۔

(A) محمد خان جونیجو (B) میاں محمد نواز شریف (C) میاں ظفر اللہ خان (D) جمالی شوکت عزیز

2. پاکستان نے ایٹمی دھماکے کیے۔

(A) 1996ء میں (B) 1999ء میں (C) 1997ء میں (D) 1998ء میں

3. ورلڈ ٹریڈ سینٹر (9/11) کا واقعہ پیش آیا۔

(A) 2001ء میں (B) 2003ء میں (C) 2005ء میں (D) 2007ء میں

4. 1988ء کی صدارتی انتخاب میں صدر پاکستان بنے۔

(A) فضل الٰہی چوہدری (B) غلام اسحاق خان (C) سردار فاروق احمد خان لغاری (D) محمد رفیق تارڑ

5. آئین 1973ء میں جس ترمیم سے اراکین اسمبلی کے فلور کراسنگ (Floor Crossing) پر پابندی لگائی گئی، وہ ہے

(A) آٹھویں ترمیم (B) تیرھویں ترمیم (C) چودھویں ترمیم (D) اٹھارویں ترمیم

www.pakcity.org

## مشقی مختصر جوابی سوالات

### 1۔ یومِ تکبیر سے کیا مراد ہے؟

جواب: 28 مئی 1998ء کو پاکستان نے صوبہ بلوچستان کے پہاڑی علاقے چاغی کے مقام پر ایٹمی دھماکے کیے، اس طرح پاکستان ایٹمی ممالک کی فہرست میں شامل ہو گیا۔ پاکستان عالمِ اسلام کا پہلا ایٹمی ملک ہے۔ اِن ایٹمی دھماکوں کی یاد میں ہر سال 28 مئی کو "یوم تکبیر" منایا جاتا ہے۔

### 2۔ جنرل پرویز مشرف کے نافذ کردہ کا مقامی حکومتوں کے نظام کے تین بنیادی مقاصد تحریر کریں۔

جواب: جنرل پرویز مشرف نے 14 اگست 2001ء سے مقامی حکومتوں کا نظام (Local Government System) نافذ کیا۔ یہ نظام مقامی حکومتوں کے قیام اور اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی کو یقینی بنانے کے لئے نافذ کیا گیا۔ اس نظام کے تین بنیادی مقاصد تھے:

(i) وسائل کی ضلع کی سطح پر دستیابی
(ii) مقامی معاملات، مقامی سطح پر حل کرنا
(iii) اختیارات کی نچلی سطح پر منتقلی

### 3۔ پاکستان تحریک انصاف کی حکومت کے شروع کیے گئے پانچ منصوبوں کے نام لکھیں۔

جواب: پاکستان تحریک انصاف کی حکومت کے شروع کیے گئے پانچ منصوبوں کے نام درج ذیل ہیں:

(i) دیامر بھاشا ڈیم کی تعمیر
(ii) احساس پروگرام
(iii) نوجوانوں ہنر مند پروگرام
(iv) نیا پاکستان ہاؤسنگ پروگرام
(v) پلانٹ فار پاکستان (10 بلین ٹری پروگرام)

### 4۔ موٹروے کی کیا اہمیت ہے؟

جواب: موٹروے کے ذریعے ٹرانسپورٹ میں آسانی ہو گئی ہے۔ شہروں کے درمیان فاصلہ کم ہو گیا ہے۔ موٹروے کے ذریعے منڈیوں تک رسائی اسان ہو گئی ہے۔

### 5۔ پاکستان میں صدرِ مملکت کے انتخاب کا طریقہ بیان کریں۔

جواب: پاکستان میں صدرِ مملکت کا انتخاب سینیٹ، قومی اسمبلی اور چاروں صوبائی اسمبلیوں کے ارکان کرتے ہیں۔

www.pakcity.org

Please visit for more data at: www.pakcity.org